COVID-19 ویکسین کے حقائق

یہ محفوظ ہے

FDA اور ریاست نیویارک کی خودمختار مشاورتی ٹاسک فورس نے محتاط جائزہ اور جانچ کے بعد Pfizer، Moderna اور Johnson & Johnson ویکسینوں کو منظوری دے دی۔ کلینیکل ٹرائلز میں 116,000 سے زیادہ افراد نے حصہ لیا۔ تین شرکاء میں سے ایک سے زیادہ رنگدار (غیر سیفد فام) افراد تھے۔

یہ کام کرتا ہے

تینوں منظور شدہ ویکسینیں COVID-19 کی وجہ سے اسپتال میں داخل ہونے اور موت کی روک تھام کے لیے 100 فیصد مؤثر تھیں۔ Pfizer اور Moderna ویکسینیں COVID-19 کو روکنے میں تقریبا 95 فیصد مؤثر تھیں۔ امریکہ میں J & J ویکسین COVID انفیکشن کے خلاف 72 فیصد مؤثر اور شدید بیماری کے خلاف 86 فیصد مؤثر تھی۔

یہ مفت ہے

COVID-19 کی ویکسینیں آپ کو مفت فراہم کی جاتی ہیں۔ کچھ فراہم کنندگان شاٹ دینے کے لیے فیس وصول کر سکتے ہیں، جسے آپ کے انشورنس کے ذریعہ کور کیا جائے گا۔ اگر آپ کے پاس انشورنس نہیں ہے تب بھی آپ کو کوئی قیمت نہیں دینی ہوگی۔

سیاہ فام اور بھورے لوگوں کے لیے محفوظ ہے

ویکسین کے مطالعے میں حصہ لینے والوں میں 30 فیصد سے زیادہ رنگدار (غیر سفید فام) لوگ تھے۔

انسان اور جانوروں کی مصنوعات سے پاک ہے

ویکسینوں میں انڈے، سور کے گوشت، محفوظ کرنے والے مواد یا کوئی دیگر جانوروں یا انسانوں کے اجزاء شامل نہیں ہیں۔

سیاہ فام ڈاکٹروں کے ذریعہ تائید کردہ

نیشنل میڈیکل ایسوسی ایشن اور گریٹر روچسٹر کے سیاہ فام ڈاکٹروں کے نیٹ ورک نے ویکسین کی سلامتی کا جائزہ لیا اور ان کے استعمال کی تائید کی۔

ان سے آپ کو COVID-19 نہیں ہوگا

ویکسینوں میں نئے کورونا وائرس نہیں ہیں، اور وہ آپ کو COVID-19 سے بیمار نہیں کر سکتے ہیں۔

امیگریشن کی کیفیت اکٹھا نہیں کی جاتی ہے

اگر آپ کو ویکسین لگائی جاتی ہے تو آپ کو حکومت کو کبھی بھی ایسی معلومات نہیں دینا پڑے گی جسے آپ کی امیگریشن کی کیفیت کی نشاندہی کرنے کے لیے استعمال کیا جا سکے۔

حمل سے COVID کا خطرہ بڑھ جاتا ہے

حاملہ خواتین کو COVID کی پیچیدگیوں کا خطرہ زیادہ ہوتا ہے۔ سائنسداں مطالعہ کر رہے ہیں کہ آیا ویکسین حاملہ خواتین اور ان کے بچوں کے لیے محفوظ ہے یا نہیں۔ مزید معلومات کے لیے اپنے نگہداشت صحت فراہم کنندہ سے بات کریں۔

جینسی، لیونگسٹن، منرو، اورلینز، اونٹاریو، سینیکا، وین، وومنگ اور ییٹس کاؤنٹی کو خدمات فراہم کرنے والی فنگر لیکس COVID-19 ویکسین ہب اور ٹاسک فورس کے ذریعہ تیار کردہ۔

www.flvaccinehub.org

COVID-19 ویکسین کے حقائق

کوئی بڑے ضمنی اثرات نہیں ہیں

تمام ویکسینوں کی طرح ہی کچھ لوگوں کو ایک یا دو دن تک پٹھوں میں درد، بخار، تھکان اور دیگر ہلکے علامات ہو سکتے ہیں۔ یہ اس بات کی نشانیاں ہوتی ہیں کہ مدافعتی نظام بیماری سے تحفظ فراہم کرنے کی تیاری کر رہا ہے۔ شاذ ونادر ہی لوگوں کو شاٹ لگوانے کے فورا بعد ہی کسی بھی ویکسین سے الرجی کا سامنا ہو سکتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ تمام ویکسینیں تربیت یافتہ نگہداشت صحت کے پیشہ ور افراد کے ذریعہ دی جاتی ہیں اور اسی وجہ سے آپ پر شاٹ لگنے کے بعد جانے سے پہلے کم از کم 15 منٹ تک انتظار کرنا لازم ہے۔

ویکسین میں کورونا وائرس نہیں ہے۔

ویکسینیں عارضی طور پر جسم کو ایک بے ضررر پروٹین بنانے کا اشارہ دیتی ہیں جو COVID-19 پروٹین کی طرح لگتا ہے۔ جب ہمارا جسم اس پروٹین کا مقابلہ کرتا ہے، تو اس سے اینٹی باڈی دفاعی قوت پیدا ہوتی ہے جو ہمیں COVID-19 سے لڑنے کے لیے درکار ہوتی ہے اگر—اور جب—اصلی جراثیم کے حملے ہوتے ہیں۔

سائنسدانوں نے اچھا آغاز کیا ہے

اگرچہ COVID-19 کی ویکسینیں جلدی میں تیار کی گئی تھیں لیکن وہ اسی طرح کے وائرسوں کے لیے ویکسین تیار کرنے کے برسوں کے کاموں کی بنیاد پر تیار کی گئی تھیں۔

مکمل اور کامیاب جانچ

COVID-19 کی ویکسینیں دیگر تمام ویکسینوں کی طرح حفاظتی معیارات پر پوری اتری ہیں۔ چونکہ -COVID 19 بہت ہی وسیع تھا، اس لیے محققین بہت جلدی ہی دیکھ سکے کہ ویکسینوں نے تحفظ فراہم کیا ہے۔

کچھ کی دو خوراکیں لینی ہوتی ہیں

Pfizer اور Moderna ویکسینوں کے ساتھ آپ کو COVID-19 سے مکمل طور پر محفوظ رہنے کے لیے دوسری خوراک کی ضرورت ہوتی ہے۔ آپ کو اپنی پہلی شاٹ کے چند ہفتوں کے بعد دوسری شاٹ مل جائے گی۔ Johnson & Johnson کے ایک خوراک کی ضرورت ہوتی ہے۔

ان سے DNA تبدیل نہیں ہو سکتے ہیں

ویکسینیں جسم کو کورونا وائرس کا ایک ٹکڑا بنانے کی تربیت دیتی ہیں۔ Pfizer اور Moderna ویکسینیں ایم آر این اے (mRNA) کو ہدایات کے طور پر استعمال کرتی ہیں، جب کہ Johnson & Johnson ویکسین ایک بے ضرر وائرس میں DNA کا استعمال کرتی ہے جو بیماری کا سبب نہیں بن سکتا ہے اور نہ ہی خود کو دوہرا سکتا ہے۔

ماسک پہنیں، فاصلہ رکھیں، ہاتھوں کو دھوئیں

جب تک کہ وائرس کا پھیلاؤ بند نہ ہو، تب تک حفاظت کے ان احتیاطی تدابیر پر عمل جاری رکھیں۔

COVID-19 کی جانچ پازیٹیو نہیں ہوگی

ویکسین ان جانچوں میں آپ کے پازیٹیو ہونے کا سبب نہیں بنے گی جو موجودہ انفیکشن کی جانچ کرتے ہیں۔

COVID ہو چکا ہے؟ ویکسین لگوائیں۔

COVID-19 کا دوبارہ انفیکشن ہونا ممکن ہے، اور ہم نہیں جانتے ہیں کہ COVID-19 سے صحتیاب ہونے کے بعد انسان کتنا عرصہ تک محفوظ رہتا ہے۔

مزید معلومات آن لائن ہے

ملاحظہ کریں: https://www.cdc.gov/coronavirus and https://ny.gov/vaccine and https://www.flvaccinehub.org.

ذرائع: بیماریوں کے کنٹرول اور روک تھام کے مراکز (CDC)، ریاست نیویارک ڈپارٹمنٹ آف اسٹیٹ، یونیورسٹی آف میساچوسٹس میڈیکل اسکول اور ویک کاؤنٹی شمالی کیرولائنا۔

اپائنٹمنٹ پانے میں مدد کے لیے روچیسٹر میں 1-1-2 یا 1-1-3 پر کال کریں۔